**SET-4**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 257**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **6** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **25** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **6** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سماجیات

# SOCIOLOGY

## (Urdu Version)

وقت :۳ گھنٹے | کل نمبر:۸۰

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

**عام ہدایات :**

(i) سوالوں کی مجموعی تعداد **25** ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) سوالات نمبر **1** تا **14** مختصر جواب والے سوال ہیں، ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے اور ہر سوال کا جواب **30** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) سوالات نمبر **15** تا **21** طویل جواب والے سوال ہیں، ہر سوال **4** نمبر کا ہے اور ہر ایک سوال کا جواب **80** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(v) سوالات نمبر **22** تا **25** زیادہ طویل جواب والے سوال ہیں، ہر ایک سوال **6** نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب لگ بھگ **200** لفظوں سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔ سوال نمبر **25** کا جواب دیے ہوئے اِقتباس کی بنیاد پر دینا ہے۔

**1۔** آبادی کی عمری ساخت (Age structure) کا مطلب کیا ہے۔؟ 2

**2۔** وہ کون سے دو اہم اسباب تھے جن سے قبائلی تحریک شروع ہوئی۔ 1+1=2

**3۔** عدم مداخلت (Laissez-Faire) کا مطلب کیا ہے ؟ 2

**4۔** علاقائیت (Regionalism) کو فروغ دینے والے کوئی دو عوامل بتائیے۔ 1+1=2

**5۔** اقلیتوں (Minorities) کو آئینی تحفظ کیوں دینا چاہیے ؟ 2

6۔ نوآبادیاتی قانون (Colonial Laws) کس طرح چائے کی باغ بانی کے مالکوں اور منیجروں کے مفاد میں کام کرتے تھے ؟ 2

7۔ تبدیلی کے ایک عمل کی شکل میں سنسکرتیانے (Sanskritization) کا مطلب بتائیے۔ 2

8۔ نچلے طبقے کے لوگوں کو انصاف دلانے میں نیائے پنچایتوں (Nyaya Panchayats) کا رول کیا ہے۔ ؟ 2

9۔ بینڈکٹ انڈرسن (Benedict Anderson) کے ذریعے دیئے گئے نظریے فرضی کمیونٹی (Imagined Communities) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔؟ 2

10۔ قومی روزنامے (National Dailies) کیا ہوتے ہیں؟ کسی دو کے نام بتائیے۔ 1+1=2

11۔ اخباروں کی اشاعت میں خودکاری سے کیا تبدیلیاں آئیں۔ 2

12۔ Universal Adult Franchise (یونیورسل ایڈلٹ فرینچرائیز) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔؟ 2

13۔ بامبے کپڑا مِل مزدوروں کی مانگیں کیا تھیں ؟ 2

14۔ اصلاحی (Reformative) اور انقلابی (Revolutionary) تحریک کے درمیان فرق بتائیے۔ 1+1=2

15۔ ماہر آبادیات اور ماہر سماجیات کے مطابق ہندوستان میں اطفال جنسی تناسب (Child Sex Ratio)
میں گراوٹ آنے کے اسباب کیا ہیں۔ ؟ 4

یا

ہندوستان میں بھر پائی سطح (Displacement levels) کے علاقائی اختلافات
(Regional Variations) کے اسباب بتائیے۔

16۔ 'قبائلی لوگوں کو باقی ہندوستانی سماج کی ترقی کے لیے غیر مناسب قیمت چکانی پڑی'! تنازعہ کی شکل
میں 'قومی ترقی' اور 'قبائلی ترقی' پر روشنی ڈالیے۔ 4

17۔ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں کہ ہندوستان میں نرم کاری (لبرالائیزیشن) پالیسی سے سبھی سیکشن
کے لوگوں کو فائدہ ہوا ہے؟ مثالوں کے ساتھ ثابت کیجیے۔ 4

18 ۔ جمہوری اور جابر یا آمرانہ (Authoritarian) ریاست کے بیچ فرق بتائیے. 2+2=4

یا

کمیونٹی کی شناخت کیا ہے؟ ہندوستان کی پالیسیاں قومی شناخت کو کس طرح بڑھاوا دیتی ہیں۔

19۔ تاریخی نظریہ سے ساحلی شہر سلطنت کے تاریخی اور معاشی نظام میں کیا رول نبھاتے ہیں۔؟ 4

20۔ 'مختلف سماجی اصلاحی تحریکیں عام خیال پر منحصر ہوتے ہوئے بھی الگ تھے'۔ بیان کیجیے ۔ 4

21۔ پنچایتوں کی سماجی ذمہ داریاں کیا ہوتی تھیں۔؟ 4

**22.** سبز انقلاب کے فائدے اور نقصان بیان کیجیے۔ 3+3=6

**23.** کیا عالمی تعلقات (Global Connections) ہندوستان اور دنیا کے لیے نئے ہیں۔؟ بحث کیجیے۔ 6

**24.** کان کے اندر (in mines) کام کرنے کی حالت مزدوروں کے لیے کس طرح نقصان دہ ہے۔؟ 6

**25.** نیچے دیے گئے پیراگراف کو پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

ہندوستان میں معذور، اپاہج، لنگڑا، اندھا اور بہرا جیسے جز و جملہ کو مترادف طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اکثر کسی شخص کو بے عزت کرنے کے لیے اس پر ان لفظوں کی بوچھار کر دی جاتی ہے۔ ایک ایسی ثقافت میں جہاں جسمانی طور پر مکمل کی تلاش کی جاتی ہے۔ مکمل جسم نہ ہونے کا مطلب ہے کہ اس میں جسمانی عیب، نقص یا خرابی ہے۔ 'بے چارہ' جیسی بولیوں سے تو مخاطب کرنے پر تو اس کی ستم زدہ کیفیت اور بھی نمایاں ہو جاتی ہے۔ ایسی سوچ کی بنیادی وجہ اس ثقافتی تصور میں واقع ہے۔ جو معذور اور جسمانی عیب کو بدقسمتی کا نتیجہ مانتا ہے۔ قسمت کا قصور وار ٹھہرایا جاتا ہے اور معذور کو اس کا شکار مانا جاتا ہے۔ عام تصور یہ ہے کہ معذوری پرانے کرموں کا پھل ہے۔ اور اس سے نجات نہیں پائی جا سکتی۔ اس طرح ہندوستان میں رائج اہم ثقافتی نظریات اور ساخت معذوری کو لازمی طور پر فرد کی خصوصیت مانتی ہے۔ جسے اس شخص کو سہنا ہی پڑتا

ہے۔ اساطیری کہانیوں میں معذور لوگوں کی جو تصویر پیش کی گئی ہے وہ نہایت منفی انداز میں ہے۔

معذوری لفظ ان میں سے کسی بھی تصور کو قبول نہیں کرتا۔ 'دماغی طور سے مقابلہ کرتا' (Mentally Challenged)۔ 'اندھا' اور 'جسمانی طور پر معذور' جیسے لفظوں کا استعمال اب پُرانے گھسے پِٹے منفی نظریات پیش کرنے والے الفاظ جیسے 'من بُدّھی'، 'اپاہج' اور 'لنگڑا۔لُولا' وغیرہ کی جگہ کیا جانے لگا ہے۔ معذور اپنی زندگی کی قوت کی وجہ سے جسمانی معذور نہیں ہوتے بلکہ سماج اُنھیں ایسا بناتا ہے۔

(a) ہمارے ملک میں معذور آبادی کون بناتا ہے ؟ 2

(b) کیا آپ سوچتے ہیں کہ معذور شخص اپنی جسمانی معذوری سے معذور نہیں ہوتا بلکہ سماج ہی انھیں ایسا بناتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔ 4